27/01/2025 07.40 PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ سہیل بٹ سے خبریں سُنئے

پہلے اہم خبروں کی سُرخیوں پر ایک نظر

ہیڈ لائینز

*.......وزیر اعظم نریندر مودی نے ملک کو ترقی کی بلندیوں تک لے جانے میں نوجوانوں کے رول کو کیا اجا گر ۔

*.......مرکزی وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن یکم فروری کو پارلیمنٹ میں کرینگی اگلے مالی سال کا بجٹ پیش ۔

*.......چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے یوٹی میں عملائے جا رہے اہم سڑک پروجیکٹوں کی پیشرفت کا لیا جائزہ۔

اور

*.......شب معراج کے سلسلے میں آج ہو رہا ہے روح پرور مجالس کا انعقاد۔

اب خبریں تفصیل کیساتھ

ریلی

وزیر اعظم نریندر مودی نے ملک کو ترقی کی بلندیوں تک لے جانے اور اس کے وقار میں اضافہ کرنے میں نوجوانوں بالخصوص این سی سی کے رول کو اجا گر کیا ہے ۔ آج نئی دلی کے کریپا پریڈ گراؤنڈ میں سالانہ نیشنل کیڈٹ کور NCC پی ایم ریلی سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ بھارت نے نوجوانوں کی مددسے پچھلے کئی برسوں میں تمام چلینجوں اور مشکلات کو عبور کیا ۔

ریلی کے دوران 8سو سے زیادہ این سی سی کیڈٹوں نے قوم کی تعمیر میں این سی سی کے عزم کی عکاسی کی ۔ ریلی میں 18دوست ملکوں کے 144نوجوان کیڈٹوں نے بھی شرکت کی ۔اس سے پہلے وزیر اعظم نے این سی سی پریڈ کا معائینہ کرنے کے بعد این سی سی مارچ پاسٹ پر سلامی لی ۔

تقاریب

بھارتی فوج کی طرف سے 76ویں یوم جمہوریہ کے موقعے پر کل وادی بھر میں متعدد تقاریب کا انعقاد کیا گیا جن میں ملکی سالمیت ، حب الوطنی اور قومی وقار سے جڑے پہلوؤں کی بھر پور عکاسی کی گئی۔ ڈیفنس کی طرف سے جاری کئے گئے ایک پریس بیان میں کہا گیا ہے کہ PRO پلوامہ ضلع کے ترال چوک میں پہلی مرتبہ قومی جھنڈا لہرا گیا اس کے علاوہ رن فار فن کا بھی اہتمام کیا گیا۔

بارہمولہ میں Know Your Army کے موضوع پر ایک نمائش کا انعقاد کیا گیا ۔گریز وادی کے بکطور گاؤں ، ٹیٹوال ، چلیانہ کراسنگ پوائنٹ پر بھی فوج کی طرف سے خصوصی تقاریب کا انعقاد کیاگیا ۔

بھارت پروو

آکاشوانی ،یوم جمہوریہ کے تناظر میں26جنوری سے 31جنوری تک ”بھارت پروو “منا رہا ہے۔ اس دوران ملکی آئین کے مختلف گوشوں کو اجا گر کیا جاتا ہے ۔ واضح رہے کہ 1950میں 26جنوری کو ہی بھارتی آئین کا نفاذ عمل میں لایا گیا تھا ۔ یہ دن عوام کو آئین میں موجود اقدار کو بالا دست رکھنے کی یاد دہانی کرتا ہے جن سے سبھی کیلئے انصاف ، مساوات اور وقار کی یقینی دہانی ہوتی ہے ۔

سیتا رمن

مرکزی وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن یکم فروری کو سال 2025-26 مالی سال کیلئے مرکزی بجٹ پیش کریں گی ۔ آنے والے بجٹ مینگھریلو اور عالمی چلینجونکا مقابلہ کرنے کیلئے حکومت کی اقتصادی ترجیحات اور مالی حکمت عملی کی عکاسی ہوگی ۔اقتصادی ماہرین اور لوگوں کو امید ہے کہ اس وقت حکومت ترقی ، روزگار کے مواقعے پیدا کرنے ، بنیادی ڈھانچے کو تقویت بخشنے جیسے پہلوؤں پر توجہ مرکوز کرے گی ۔

ملاقات

Save Youth Save Future Foundation کے چیرمین وجاہت فاروق بٹ نے آج جمونمیں لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کے ساتھ ملاقا ت کی ۔ اس دوران انہوننے ایل جی کو نوجوانوں کی ہنر مندی بڑھانے اور خواتین کو با اختیار بنانے سے جڑے معاملات کے بار ے میں جانکاری دی ۔لیفٹنٹ گورنر نے فاؤنڈیشن کے کام کی سراہنا کی ۔

ایک سماجی کارکن راجندر پریمی نے بھی لیفٹنٹ گورنر کے ساتھ ملاقات کی ۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے آج جموں میں ایک میٹنگ کے دوران یو ٹی میں عملائے جا رہے بڑے سڑک پروجیکٹوں کی پیش رفت کا جائزہ لیا ۔ اس موقعے پر انہوں نے کہاکہ ہاتھ میں لئے گئے اہم پروجیکٹوں کی بر وقت تکمیل کو یقینی بنایاجا نا چاہئے ۔ انہوں نے کہا کہ کاموں کے معیار کے ساتھ کوئی بھی سمجھوتہ نہیں کیا جاناچاہئے ۔میٹنگ میں بتایاگیا کہ مرکزی سرکاری PMGSY کے تحت جموں کشمیر کو 90فیصد مالی معاونت فراہم کرتی ہے۔

نشہ

ملکی سطح پر سماج کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دینے کیلئے انفرادی و اجتماعی سطح پر کوششیں جاری ہیں۔وزیر اعظم  نریندر مودی کا پیغام۔

جموں کشمیر میں بھی نوجوانوں کو اس لت سے دور رکھنے کیلئے ہرسطح پر کاوشیں جاری ہیں ۔ اس حوالے سے جب ہم نے پدم شری ایوارڈ یافتہ اور معروف سماجی کارکن جاوید احمد ٹاک کے ساتھ بات کی تو انہوں نے کہا ۔

پولیس

دریں اثنا پولیس نے منشیات کے خلاف اپنی جنگ جاری رکھتے ہوئے کولگام ، بارہمولہ ، اننت ناگ ، اونتی پورہ اور کپواڑہ سے سات منشیات فروشوں کو گرفتار کیا ہے اور ان کے قبضے سے کافی مقدارمیں نشیلی اشیاءبر آمد کی ہے ۔

بریک
یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔
پر بھی سماعت کر سکتے DTH خبریںآپ آکاشوانی کے موبائیل اپلیکشن نیوز آن اے آئی آر اور
ہیں۔
خبروں کے بلٹن اور شعبہ خبر کے پروگراموں سے متعلق  آپ اپنی آرا اور تجاویز ہمارے ای
میل ایڈرس
پر بھیج سکتے ہیں۔akashvanisrinagarnews@gmail.com

معراج النبی ﷺ
آج معراج النبی ﷺ کی تقریب سعید پورے مذہبی عقیدت و احترام کے ساتھ منائی جا رہی ہے ۔ اس نسبت سے وادی کی مساجد ، خانقاہوں اور بقہ جات میں شب بیداری کی تقریبات منعقد ہو رہی ہیں، جس دوران عقیدت مند توبہ استغفار ، نعت و مناجات اور دروز واذکار میں محو رہینگے ۔
شب بیداری کی سب سے بڑی تقریب آثار شریف درگارہ حضرت بل میں منعقد ہوگی جہاں آج نماز عشاءٹھیک دس بجے ادا کی جائے گی آثار شریف میں کل نماز پنجگانہ کے بعد عقیدت مند موئے مقدس آنحضور ﷺ کے دیدار سے فیضیاب ہوں گے۔ انتظامیہ نے عقیدت مندوں کی سہولیت کیلئے تمام انتظامات مکمل کئے ہیں۔

فاروق عبداللہ
نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے معراج العالم کے موقعے پر جموں کشمیر کے لوگوں کو مبارکباد دیتے ہوئے دعاکی ہے کہ یہ عظیم شب لوگوں کو مشکلات سے نجات کا باعث بنے۔انہوں نے ڈویژنل انتظامیہ سے اپیل کی ہے کہ وہ مقدس ایام کے دوران درگاہ حضرت بل میں زائرین کیلئے ہر طرح کی سہولیات دستیاب رکھیں۔
جموں کشمیر وقف بورڈ کی چیر پرسن ڈاکٹر درخشان اندرابی نے معراج النبی ﷺ کے موقعے پر لوگوں کو مبارکباد دی ہے ۔ ایک پریس بیان میں انہوں نے کہا کہ شب معراج کے سلسلے میں آثار شریف درگاہ حضرتبل سمیت تمام زیارت گاہوں اور بقہ جات میں وقف بورڈ کی طرف سے زائرین کیلئے تمام تر انتظامات کئے گئے ہیں۔
دریں اثنا جموں کشمیر جمعیت ہمدانیہ کے سربراہ مولانا ریاض احمد ہمدانی نے بھی شب معراج کے موقعے پر لوگوں کو مبارکباد دی ہے ۔
ٹھاکر
جموں کشمیر کے ترجمان الطاف ٹھاکر نے بھی شب معراج کے موقعے پر لوگوں کو مبارکباد BJP دیتے ہوئے دعا کی ہے کہ یہ شب جموں کشمیر میں امن و امان خوشحالی و ترقی کی نوید لے کر آئے۔
ناصر الاسلام
جموں کشمیر کے مفتی اعظم ، مفتی ناصر الاسلام نے بھی معراج النبی ﷺ کے موقعے پر لوگوں کو مبارکباد دیتے ہوئے نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے۔

مہا کنبھ
اُتر پردیش کے شہر پریاگ راج میں مہا کنبھ میلہ جاری ہے ۔ ا تک 14کروڑ سے زائد شردھالوں نے پو تر اسنان میں حصہ لیا ۔ وزیر داخلہ امت شاہ نے بھی آج تروینی سنگم کے مقام پر پوتر اسنان کیا ۔ اس موقعے پر اتر پردیش کے وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ اور سادھوؤں کی ایک بڑی تعداد موجود تھی ۔

رپورٹ
داخلی امور کی مرکزی وزارت نے حال ہی میں پدم ایوارڈس کا اعلان کیا ۔ یہ ایوارڈ تین زمروں یعنی پدم و بھوشن ، پدم بھوشن اور پدم شری کے زمروں میں دیئے جاتے ہیں۔ جمونکے للت کمار منگوترا کو اد ب اور تعلیم جبکہ کشمیر سے تعلق رکھنے والے فاروق احمد میر کو آرٹ کے شعبے میں پدم شری ایوارڈ دیا جا رہا ہے ۔یہ ایوارڈ صدر جمہوریہ درو پدی مرمو مارچ۔ اپریل مہینے میں عطا کریں گی ۔
فاروق احمد میر نے شعبہ خبر کے سربراہ طارق راتھر کے ساتھ بات کرتے ہوئے اپنے تاثرات کا یوں اظہار کیا ۔

آؤٹ ریچ پروگرام
اطلاعات و نشریات کی مرکزی وزارت کے سینٹرل بیورو و آف کیمونیکشن فیلڈ سرینگرکی طرف ہوسٹل میں ایک آؤٹ ریچ پروگرام کا انعقاد کیا PG سے آج پادشاہی باغ سرینگر کے گجر بکرال گیا ۔ اس دوران شرکاءکو مرکز کی فلاحی اسکیموں ، ماحولیات کو تحفظ دینے ، منشیات ، ثقافتی یگانگت اور نئے فوجداری قوانین کے تعلق سے بیداری پید اکی گئی۔ اس حوالے سے شعبہ خبر کے ساتھ بات کرتے ہوئے فیلڈ پبلسٹی آفیسر سرینگر نصیر احمد راتھر نے کہا۔

تپ دق
جمونو کشمیر میں 100دنوں پر مشتمل تپ دق مخالف مہم شدو مد سے جا ری ہے۔ مہم سے کئی ایک تپ دق بیمار مستفید ہوئے ہیں اور یہ مریض صحت یاب ہو کر معمول کی زند گی گذار رہے ہیں۔ صحت یاب ہوئے ایک مریض نے اپنے تاثرات کچھ اس طرح بیان کئے۔

این سی
نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے کہا ہے کہ بہتر حکمرانی کے خواب کو صرف عوامی نمائندہ سرکارہی شرمندہ تعبیر کر سکتی ہے۔ آج سرینگر میں اپنی رہائش گاہ پر بڈگام سے آئے ہوئے وفود کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ نیشنل کانفرنس کی سربراہی والی سرکار تمام خطوں اور علاقوں کی مساوی ترقی کو یقینی بنانے کی وعدہ بند ہے۔
موسم
محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے24گھنٹوں کے دوران موسم عام طور پر خشک رہنے کا امکان ہے ۔
سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 14.2ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت منفی5.5ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔
جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 21ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت5.8ڈگری سیلسیس تھا۔
سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح7بجکر31منٹ پر اور غروب آفتاب شام5بجکر57منٹ پر ہو گا۔
اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا۔
خبروں کا اگلا بلٹن آکاشوانی سے
کل صبح7بجکر45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا۔
ہمیں دیجئے اجازت//خدا حافظ